## 1990 - زمین كے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں كھانا

**سوال**

میں ایك عورت كے درس میں جاتی ہوں اس نے درس میں كہا كہ زمین كے اندر پیدا ہونے والی سبزیاں مكروہ ہیں، اور كئی ایك اشیاء كو اكٹھا ایك ہی برتن میں پكانا حرام ہے، برائے مہربانی آپ اس كے متعلق واضح كریں آیا اس كی یہ بات صحیح ہے یا نہیں ؟
ہماری عادت ہے كہ زمین كے اندر پیدا ہونے والی پانچ یا چھ سبزیاں اكٹھی ایك ہی برتن میں پكاتے ہیں، كیا اس كی بات صحیح ہے یا غلط ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ و تعالی كا فرمان ہے:

وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین كی تمام چیزوں كو پیدا كیا... البقرۃ ( 29 ).

اور ایك مقام پر اللہ سبحانہ و تعالی كا فرمان اس طرح ہے:

اے لوگوں زمین میں جو كچھ ہے اس سے حلال اور پاكیزہ اشیاء كھاؤ، اور شیطان كی پیروی مت كرو، یقینا وہ تمہارے لیے واضح اور كھلا دشمن ہے البقرۃ ( 168 ).

اور دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالی ہے:

آپ فرما دیجئے كہ اللہ تعالی كے پیدا كیے ہوئے اسباب زینت كو جو اللہ نے اپنے بندوں كے واسطے بنائے ہیں، اور كھانے پینے كی حلال چیزوں كو كس شخص نے حرام كیا ہے آپ كہہ دیجئے كہ یہ اشیاء اس طور پر كہ قیامت كے روز خالص اہل ایمان كے لیے ہونگی، اور دنیاوی زندگی میں مومنوں كے لیے بھی ہیں، ہم اسی طرح تمام آیات كو سمجھ داروں كے لیے صاف صاف بیان كرتے ہیں الاعراف ( 32 ).

اس سے ہمیں یہ علم ہوتا ہے كہ زمین جو كچھ بھی اگاتی ہے وہ اصل میں حلال ہے، اور بغیر كسی شرعی دلیل كے اسے حرام یا مكروہ كہنا جائز نہیں، اس لیے ہم یہ سوال كرتے ہیں كہ زمین كے اندر اگنے والی سبزیاں مثلا آلو، گاجر اور پیاز، لہسن، مولی، شلجم وغیرہ كی حرمت یا كراہت كی كیا دلیل ہے ؟؟

پھر اس عورت نے جو قاعدہ اور اصول بیان کیا ہے وہ کتنا ہی عجیب و غریب ہے ۔ جس کے پس منظر سے ہم تو واقف نہیں ۔ وہ یہ کہ مکروہ اشیاء کو ملا کر ایك ہی برتن میں پکانے کے نتیجہ میں وہ حرام ہو جاتی ہیں ؟!

اگر تو اس کے نتیجہ میں کوئی نشہ آور یا زہریلی چیز بن جائے، یا پھر پکائی گئی چیز حرام ہوتی مثلا خنزیر کا گوشت ہوتا تو ہم کہتے کہ اس کا کھانا حرام ہے، لیکن جو آپ نے ذکر کیا ہے کہ زمین کے نیچے اگنے والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی پکاتی ہیں، یہ مباح ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں.

ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ لا علم شخص کی کلام کو کوئی وزن نہ دیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حق نصیب فرمائے، اور ہمیں دین کی سمجھ عطا فرمائے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .